# 3975 ـ شہریت حاصل کرنے کے لیے غیرمسلمہ سے شادی کرنا

### سوال

میں ملک بسنے اورشہریت حاصل کرنے کے لیے کافرہ عورت سے شادی کرنا چاہتا ہوں کیا صرف اسی غرض سے شادی کرنا جائز ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد لله.

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضيلة الشيخ محمد بن صالح عثيمين رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توان کا جواب تھا :

جب وہ حلال عورتوں میں سے ہو تو اس سے نکاح کرنا صحیح ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

عورت سے چار وجوہات کی بنا پر شادی کی جاتی ہے اس کے مال کی وجہ ، اس کے حسب ونسب کی وجہ سے ، اس کی خوبصورتی وجمال کی وجہ سے ، اس کے دین کی وجہ سے ، تمہارے ہاتھ خاک میں ملیں دین والی کو اختیار کرو ۔

تواس میں مال کی وجہ سے بھی نکاح کا ذکر ہے اوریہ بھی اس مال کی طرح ہے ، اس لیے اگر وہ شہریت کے حصول اور ملک میں بسنے کے لیے شادی کرنے میں کوئي حرج نہیں لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ اس کی نیت یہ ہونی چاہیے کہ جب اسے شہریت مل جائے تو اسے طلاق دے دے گا ۔ .